عموماً بچ جانے سے قادیانیوں کے حوصلے بھی بڑھتے جارہے ہیں، اِن سطور کے ذریعے ہم اربابِ اقتدار کی خدمت میں عرض کرنا چاہیں گے کہ وہ تحفظ ختم نبوت اور تحفظ ناموس رسالت کے لیے بنائے گئے قوانین کو ختم کرنے کا نہ سوچیں کہ یہ راستہ تباہی کا راستہ ہے، امن کے لیے پیغمبرِ امن صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو اپنالیں، کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔

تعلیمی اداروں میں قرآن کریم کی تعلیم:

تعلیمی اداروں (سکولز اور کالجز) میں قرآن کریم کی تعلیم کے حوالے سے ایک اچھی خبر سامنے آئی جو من وعن نقل کی جارہی ہے۔اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی نے قرآن پاک کی تعلیم کو لازمی قرار دینے کے بل کو متفقہ طور پر منظور کر لیا ہے۔میڈیا رپورٹوں کے مطابق قومی اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم اور پروفیشنل ٹریننگ کا اجلاس کرنل ریٹائرڈ ڈاکٹر امیر اللہ مروت کے زیر صدارت ہوا، جس میں قرآن پاک کی تعلیم کو لازمی قرار دینے کو متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا ہے۔ چیئر مین کا کہنا تھا کہ قرآن پاک کی لازمی تعلیم کا بل 2017ء ایک انتہائی اہم اقدام ہے، جس سے اب پہلی کلاس سے بارہویں کلاس کے طلبہ مستفید ہوں گے۔کمیٹی کے تمام ارکان نے اس بل کی تعریف کرتے ہوئے اسے متفقہ طور پر منظور کر لیا ہے۔امیر اللہ مروت کا کہنا تھا کہ پہلی سے پانچویں جماعت تک طلبہ کو ناظرہ قرآن پاک پڑھایا جائے گا جبکہ چھٹی سے بارہویں جماعت تک قرآن پاک ترجمہ کے ساتھ پڑھایا جائے گا۔اس موقع پر وزیر مملکت بلیغ الرحمان نے قرآن پاک کی تعلیم لازمی قرار دینے کے بل کو متفقہ طور پر منظور کرنے پر ارکان کمیٹی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بل کتنی اہمیت کا حامل تھا۔(روزنامہ ''اسلام'' لاہور،صفحہ اوّل 23/فروری 2017ء)

مرکزی تربیت گاہ:

مجلس احرار اسلام اور شعبۂ تبلیغ تحفظ ختم نبوت سے وابستہ مرکزی و علاقائی ذمہ داران کے لیے مرکزی دفتر احرار لاہور میں اِن شاء اللہ تعالیٰ 18، 19 مارچ 2017ء ہفتہ، اتوار کو مرکزی تربیت گاہ کا اہتمام کیا گیا ہے، تاکہ ہمارے کام کرنے والے ذمہ داران جماعت کے اغراض و مقاصد، دعوت و تبلیغ اور خصوصاً آج کے حالات کے تناظر میں تحفظ ختم نبوت کی جدوجہد اور طریق کار سے آگاہی حاصل کرسکیں۔جن حضرات کو اِس تربیت گاہ میں شرکت کے لیے اِطلاع دی جائے وہ درج ذیل ہدایات کو ملحوظ خاطر رکھیں:

☆ 17/ مارچ بروز جمعہ نماز عشاء تک دفتر احرار لاہور پہنچ جائیں

☆ اپنے مقام سے روانہ ہوتے وقت فون نمبر: 0300-9522878 (محمد آصف) پہ اطلاع کریں

☆ موسم کے مطابق بستر ہمراہ لائیں، ڈائری اور قلم ہمراہ رکھیں

☆ اپنے علاقے کی دینی وسیاسی فضاء اور اس میں جماعت کے کام کی گنجائش

☆ اپنی مقامی جماعت کی کارکردگی کی مکمل رپورٹ اور کارکنان کی فہرست مع پتہ جات اور فون نمبرز

☆ اپنے علاقے کے مدارس اور مساجد کی فہرست اور آئمہ وخطبا مساجد و مہتممین مدارس کے نام اور فون نمبرز

☆ جماعت کے کام کو بہتر کرنے کے لیے تجاویز